RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: December 30, 2025
PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:44:53 am

یونیورسٹی اور انڈسٹری کے درمیان زرعی تحقیق میں تعاون

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

ملتان.محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی کے شعبہ سوائل اینڈ انوائرونمنٹل سائنسز اور اینگرو فرٹیلائزرز لمیٹڈ کے تعاون سے"اکیڈیمیا اور انڈسٹری کے روابط" پر مبنی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔

rki.news

ڈائریکٹوریٹ آف پبلک ریلیشن زرعی یونیورسٹی ملتان
پریس ریلیز 30دسمبر2025
ملتان۔محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی کے شعبہ سوائل اینڈ انوائرونمنٹل سائنسز اور اینگرو فرٹیلائزرز لمیٹڈ کے تعاون سے“اکیڈیمیا اور انڈسٹری کے روابط“ پر مبنی ایک اہم سیشن کا انعقاد کیا گیا۔چیئرمین سوائل اینڈ انوائرمنٹل سائنسز ڈاکٹر وزیر احمد نے اینگرو فرٹیلائزر ٹیم کو خوش آمدید کہا۔شواذب گردیزی منیجر ایگرانومی اورڈپٹی منیجر ایگرانومی سید شاہد حسین کی سربراہی میں اینگرو فرٹیلائزرز کی ٹیم نے یونیورسٹی کا دورہ کیا اور ماہرین تعلیم کے ساتھ زراعت کے پائیدار حل تلاش کرنے پر بات چیت کی۔سیشن میں ڈاکٹر وزیر احمد ،ڈاکٹر محمد عمران، ڈاکٹر ذیشان، ڈاکٹر باقر حسین اور ڈاکٹر عمیر ریاض نے اپنی تحقیقی پیشکش کیں جو ”جدید فرٹیلائزر مصنوعات“ پر مبنی تھیں جن کا مقصد کھاد کے استعمال کی افادیت کو بہتر بنانا اور ماحولیاتی استحکام کو فروغ دینا ہے۔سیشن کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر عرفان احمد بیگ نے کی، جبکہ ڈاکٹر حماد ندیم طاہر اور ڈاکٹر پروفیسر مبشر مہدی بھی موجود تھے۔اینگرو ٹیم نے پروفیسر ڈاکٹر آصف علی وائس چانسلر کی قائدانہ صلاحیتوں کو سراہا جن کی بدولت یونیورسٹی میں اکیڈیمیا اور انڈسٹری کے درمیان مضبوط روابط قائم ہو رہے ہیں۔سیشن کا اختتام پر باہمی تعاون اور زرعی تحقیق و جدت کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا
ریاض احمد ہراج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

Post Date: December 30, 2025 PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:44:53 am

[Read This Post On RKI Website]